DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 994

DATED 10 - 11 - 2026.

SUBJECT:- PRESS CLIPPINGS.

kindly find enclosed here with a set of press clipping of LocalINational Newspapers for information and necessary action.

for (Director General)

The Press Secretary to
Chief Minister, Balochistan, Quetta.

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

مورخہ 10.11.2026

نمبر شمار	اہم قومی ومقامی خبریں	اخبارات
01	اقبال کے افکار آج بھی مسلمانوں کیلئے مشعل راہ ہیں، جعفر مندوخیل	جنگ ودیگر اخبارات
02	مسائل کا حل اولین ترجیح عوام کیلئے ہمارے دروازے ہر وقت کھلے ہیں، فیصل جمالی	جنگ ودیگر اخبارات
03	ٹرانسپورٹ کے شعبے میں ترقی کے وسیع امکانات موجود ہیں، لیاقت لہڑی	جنگ ودیگر اخبارات
04	علامہ محمد اقبال کے افکار نوجوان نسل کیلئے رہنمائی کا سرچشمہ ہیں، بخت کاکڑ	جنگ ودیگر اخبارات
05	علامہ اقبال نے نوجوانوں کو باوقار مستقبل کا تصور دیا، ظہور بلیدی	مشرق ودیگر اخبارات
06	علامہ اقبال برصغیر کے عظیم مفکر وشاعر تھے، سردار کوہیار ڈومکی	مشرق ودیگر اخبارات
07	علامہ اقبال برصغیر کے مسلمانوں کے عظیم مفکر وفلسفی تھے، سلیم کھوسہ	مشرق ودیگر اخبارات
08	دانش اسکولوں کا قیام بروقت یقینی بنایا جائے، شکیل قادر خان	جنگ ودیگر اخبارات
09	بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا	جنگ ودیگر اخبارات
10	اقلیتیں ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کررہی ہیں، سید ال خان ناصر	جنگ ودیگر اخبارات
11	اینٹی کرپشن بلوچستان کا عوام الناس سرکاری ملازمین کے نام پیغام	جنگ ودیگر اخبارات
12	کوئٹہ میں گیس اور بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ ختم کی جائے، بی این پی	جنگ ودیگر اخبارات
13	15 نومبر کوئٹہ کا جلسہ حقوق کی جدوجہد کو قوت بخشے گا، جماعت اسلامی	جنگ ودیگر اخبارات
14	عوامی اداروں کو کرپشن وکمیشن نے کھوکھلا کردیا، پشتونخوا میپ	جنگ ودیگر اخبارات

امن وامان:

نوشکی میں سیکورٹی فورسز کی کارروائی 7 دہشتگرد ہلاک، کوئٹہ پولیس کی کارروائی جعلی آفیسر کو گرفتار کرلیا، تربت مسلح افراد کا گھر پر حملہ نوجوان جاں بحق، دوخواتین زخمی، کیچ کے علاقے بل نگور سے دو لاشیں برآمد، حب دو کلو 92 گرام منشیات برآمد، دوخواتین گرفتار،

عوامی مسائل:

کوئٹہ کی سڑکوں پر دن کے اوقات میں گاڑیوں کی پارکنگ ختم کی جائے، شہری، دالبندین بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ عوام اور تاجر برادری پریشان

اداریہ:

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**جدید طبی سہولیات کی فراہمی کی جانب اہم پیش رفت**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امراض قلب کے علاج کی جانب اہم پیش رفت کے طور پر بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیز کی تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہوگئی ہے۔ 150 بستروں پر مشتمل اس جدید ہسپتال کا افتتاح رواں ماہ متوقع ہے اس ادارے کے قیام سے عام کو امراض قلب کی تشخیص اور علاج کی جدید سہولیات صوبے ہی میں میسر آئیں گی اور مریضوں کو علاج کیلئے دیگر صوبوں کا سفر کرنے کی مشکلات سے نجات ملے گی صحت کے شعبے میں جدید طبی اداروں کا قیام اور عوام کو معیاری علاج کی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا صوبائی حکومت کے اہم اقدامات کا حصہ ہے بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیز کو جدید طبی آلات، مستند ماہرین اور موثر انتظامی نظام کے ذریعے فعال بنایا جائے گا تاکہ امراض قلب کے مریضوں کو بروقت تشخیص معیاری علاج اور ہنگامی طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں سرمایہ

CamScanner

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

مورخہ 10.11.2026

کاری کا بنیادی مقصد عوام کو ریلیف فراہم کرنا اور علاج معالجے کیلئے درپیش مشکلات کا خاتمہ ہے انہوں نے واضح کیا کہ طبی سہولیات کی فراہمی میں صرف کوئٹہ نہیں بلکہ سٹیلائٹ مراکز کے ذریعے بلوچستان کے دور دراز اضلاع میں بھی یقینی بنائی جائے گی تاکہ صوبے کے ہر شہری کو امراض قلب کی بہتری طبی سہولیات تک رسائی حاصل ہو۔

اداریے :

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے **"بلوچستان میں ترقیاتی بجٹ کا لیپس ہونا ،معاشی ناقص منصوبہ بندی بڑی وجہ "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے **"پاکستان مین بسنے والی تمام اقلیتی برادریاں قومی معاشرے کا ہام حصہ ہیں "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 10 NOV 2026 Page No. 1

اقبال کے افکار آج بھی مسلمانوں کیلئے مشعل راہ ہیں، جعفر مندوخیل

اتحاد، علم، خودی اور اجتماعی جدوجہد کے پیغام کو عملی شکل دینے کی ضرورت ہے، گورنر

کوئٹہ (پ ر) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے علامہ محمد اقبال کے یوم ولادت پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ علامہ اقبال کی فکر اور دلوں کو گرمانے والی شاعری پر صغیر کے مسلمانوں میں بیداری، خودی، آزادی اور اتحاد کا جذبہ پیدا کرنے کا موثر ذریعہ بنی۔ اگے ..... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

MASHRIQ QUETTA

علامہ اقبال نے اپنی فکر انگیز شاعری سے مسلمانوں میں نئی روح پھونکی، جعفر مندوخیل

اگے افکار و خیالات نے برصغیر کے مسلمانوں کو خواب غفلت سے بیدار کیا اور دنیا بھر کے مسلمانوں کو جدوجہد کا پیغام دیا

ہمیں بحیثیت قوم علامہ اقبال کے افکار سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے جدید علم، قومی یکجہتی کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا

کوئٹہ (پ ر) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے علامہ محمد اقبال کے یوم ولادت کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ علامہ اقبال کی فکر اور دلوں کو گرمانے والی شاعری برصغیر کے مسلمانوں میں بیداری، خودی، آزادی اور اتحاد کا جذبہ پیدا کرنے کا موثر ذریعہ بنی۔ اگے ..... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

اقبال کے افکار و خیالات نے برصغیر کے مسلمانوں کو خواب غفلت سے بیدار کیا بلکہ دنیا بھر کے مسلمانوں کو بھی ایک فکری سمت اور عملی جدوجہد کا پیغام دیا۔ علامہ محمد اقبال نے اپنی پوری زندگی مسلمانوں کی فکری و اخلاقی تربیت، سیاسی بیداری اور تہذیبی بحالی کیلئے وقف کر دی تھی۔ ان کی شاعری کا بنیادی مقصد مسلمانوں میں خود اعتمادی، خودی، اتحاد اور اجتماعی شعور اور عمل کا جذبہ پیدا کرنا تھا۔ علامہ اقبال کا پیغام کسی ایک دور یا خطے تک محدود نہیں بلکہ موجودہ عالمی حالات میں مسلمانوں کو درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے ان کے افکار علم، خودی، بصیرت اور اجتماعی جدوجہد کے افکار پہلے سے کہیں زیادہ اہمیت اختیار کر چکے ہیں۔ علامہ اقبال نے اپنی فکر انگیز شاعری کے ذریعے برصغیر کے مسلمانوں میں ایک نئی روح پھونکی اور انہیں اپنی ایک قومی شناخت، سیاسی حقوق اور آزاد مستقبل کے حصول کی خاطر بیدار کیا۔ آج یوم اقبال منانے کا اصل مقصد محض تقریبات کا انعقاد اور ان کی شاعری پڑھنا نہیں بلکہ ان کے افکار و نظریات کو سمجھنا، اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں اپنانا اور ان کے پیغام خودی، علم، عمل اور اتحاد کو عملی شکل دینا ہے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہمیں بحیثیت قوم علامہ اقبال کے افکار سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے جدید علم، قومی یکجہتی اور اجتماعی ترقی کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ یہی یوم مشرق و مغرب کی فکری خلیج کو کم کرنے اور ان کے خوابوں کی تعبیر کی جانب ایک عملی قدم ہوگا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 10 NOV 2026 Page No. 2

مسائل کا حل اولین ترجیح عوام کیلئے ہمارے دروازے ہر وقت کھلے ہیں، فیصل جمالی

نوجوانوں کو میرٹ کی بنیاد پر روزگار کے مواقع فراہم کرنے، عوامی مسائل حل کرنے اور علاقے کی تعمیر و ترقی کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے، حلقے کے عوام کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے

کسانوں کو خوشحال کرنے کے لیے مہری نظام کی بحالی اور زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ ٹیل کے کاشتکاروں کو زرعی پانی کی فراہمی ممکن ہو سکے، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) پاکستان مسلم لیگ (ن) پارٹی خوشحال عوام اور ترقی یافتہ بلوچستان کے خواب کو عملی جامہ پہنانے کے لیے پرعزم ہے۔ یہ بات صوبائی وزیر لائیو اسٹاک و ڈیری ڈیولپمنٹ میر فیصل خان جمالی نے اوستہ محمد میں پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی کے اعزاز میں دیے گئے عشائیے سے خطاب کرتے ہوئے کہا۔ اس موقع پر این اے 259 سے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے امیدوار میر عبدالقادر جمالی، صوبائی وزیر خزانہ و منصوبہ بندی میر شعیب نوشیروانی جمالی، سابق صوبائی وزیر میر سکندر علی جمالی، سابق ایم پی اے میر عبدالکریم جمالی، ضلع کونسل جعفرآباد کے چیئرمین میر عبدالرحمٰن جمالی، ضلع کونسل جعفرآباد کے وائس چیئرمین میر عبدالرحیم جمالی، ضلع کونسل جعفرآباد کے سابق چیئرمین میر عبدالرحمٰن جمالی، ضلع کونسل جعفرآباد کے سابق وائس چیئرمین میر عبدالرحیم جمالی، ضلع کونسل جعفرآباد کے سابق وائس

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 10 NOV 2026

Page No. 3

علامہ اقبال نے نوجوانوں کو باوقار مستقبل کا تصور دیا، ظہور بلیدی

بلوچستان کی ترقی کیلئے نوجوانوں کو تعلیم، علم و ہنر کے میدان میں آگے بڑھنا ہوگا، صوبائی وزیر

کوئٹہ (نامہ نگار) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے یوم ولادت شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کے پر پیغام میں کہا ہے کہ علامہ اقبال کی فکری اور ادبی خدمات برصغیر کی تاریخ کا ایک روشن باب ہیں۔ انہوں نے اپنی شاعری کے ذریعے مسلمانوں میں بیداری، خودداری، اتحاد اور جہد و عمل کا جذبہ پیدا کیا اور نوجوان نسل کو ایک باوقار اور خودمختار مستقبل کا تصور دیا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ علامہ اقبال کا پیغام بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے بھی حوصلے، امید اور آگے بڑھنے کا درس دیتا ہے۔ صوبے کی ترقی، خوشحالی اور پائیدار استحکام کے لیے ضروری ہے کہ نوجوان تعلیم اور علم و ہنر کے میدان میں آگے بڑھیں اور قومی ترقی کے عمل میں بھرپور حصہ لیں۔

پائیدار ترقی کے لیے خواتین کو مساوی مواقع فراہم کرنا ضروری ہے، رہاب بلیدی

کوئٹہ (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر رہاب خان بلیدی نے کہا ہے کہ خواتین کو تعلیم، صحت، روزگار، معاشی خودمختاری اور فیصلہ سازی کے عمل میں مساوی مواقع فراہم کرنا پائیدار معاشی و سماجی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ صنفی مساوات کے فروغ کے لیے محض پالیسیوں اور اعلانات پر اکتفا کرنے کے بجائے مستحقہ اعداد و شمار کو بنیاد بنا کر منصوبہ بندی اور ادارہ جاتی سطح پر مؤثر اقدامات کو یقینی بنانا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر رہاب خان بلیدی نے کہا کہ قومی صنفی مساوات کے اشاریوں کا فریم ورک خواتین اور مردوں کے درمیان مختلف شعبوں میں موجود خلاء کی نشاندہی، فیصلہ سازی کی پالیسی سازی کو قابل عمل بنانے کے لیے ایک اہم ذریعہ ہے۔ اس فریم ورک کے ذریعے تعلیم، صحت، معاشی مواقع، سیاسی شرکت، قیادت اور فیصلہ سازی سمیت مختلف شعبوں میں صنفی مساوات کی صورتحال کا منظم جائزہ لیا جا سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں خواتین کو درپیش سماجی، معاشی اور تعلیمی چیلنجز کے پیش نظر قابل اعتماد صنفی اعداد و شمار کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔ خواتین کی معاشی خودمختاری کے لیے ہنرمندی کی تربیت، کاروبار کے مواقع، مالی وسائل تک رسائی، محفوظ کام کے ماحول اور خواتین کے لیے سازگار ادارہ جاتی سہولیات کی فراہمی ضروری ہے۔

MASHRIQ QUETTA

علامہ اقبال برصغیر کے مسلمانوں کے عظیم مفکر و فلسفی تھے، سلیم کھوسہ

شاعر مشرق نے اپنی شاعری کے ذریعے مسلمانوں کو یکجہتی و وطن کا تصور دیا، صوبائی وزیر

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر موا صلات و تعمیرات بلوچستان میر سلیم کھوسہ نے شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کے یوم ولادت کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ علامہ اقبال برصغیر کے مسلمانوں کے عظیم مفکر اور فلسفی تھے جنہوں نے اپنی شاعری اور فکر کے ذریعے مسلمانوں کو بیداری، اتحاد، خودداری اور آزادی کا راستہ دکھایا۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال نے مسلمانوں کو ایک یکجہتہ وطن کا تصور دیا اور ان کی فکری رہنمائی نے تحریک پاکستان کو نئی ..... بقیہ 88 صفحہ نمبر 7 پر

سمت فراہم کی۔ ان کی تعلیمات آج بھی قومی ترقی، خودمختاری اور اجتماعی خوشحالی کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہیں۔ میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ علامہ اقبال کا فلسفہ خودی ہمیں محنت، خود اعتمادی، بلند حوصلے اور عملی جدوجہد کا درس دیتا ہے۔ قومیں صرف خواب دیکھنے سے نہیں بلکہ مسلسل محنت، مضبوط عزم اور درست سمت میں عملی اقدامات سے ترقی کرتی ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ بلوچستان سمیت پورے ملک کی ترقی کیلئے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانا، سڑکوں کی تعمیر و مرمت، دور دراز علاقوں کو ترقی کے مرکزی دھارے میں شامل کرنا اور عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے میں مواصلات اور تعمیرات کے شعبوں میں بہتری، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور عوامی ضروریات کے مطابق انفراسٹرکچر کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے تاکہ پسماندہ علاقوں کو بھی ترقی کے یکساں مواقع میسر آسکیں۔ میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ علامہ اقبال کے خواب کی تکمیل کیلئے ہمیں قومی یکجہتی، اتحاد، محنت اور خدمت خلق کو اپنا شعار بنانا ہوگا۔ ان کے افکار پر عمل پیرا ہو کر ہی ہم ایک مضبوط، خوشحال اور ترقی یافتہ پاکستان کی منزل حاصل کر سکتے ہیں۔

علامہ اقبالؒ برصغیر کے عظیم مفکر و شاعر تھے، سردار کوہیار ڈومکی

شاعر مشرق نے مسلمانوں میں خودی، خودداری، اتحاد اور آزادی کا شعور بیدار کیا، صوبائی وزیر

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس بلوچستان چیف سردار کوہیار خان ڈومکی نے شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کے یوم ولادت کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ علامہ اقبال برصغیر کے عظیم مفکر، فلسفی اور شاعر تھے، جنہوں نے اپنی شاعری اور فکر کے ذریعے مسلمانوں میں خودی، خودداری، اتحاد اور آزادی کا شعور بیدار کیا انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال کا تصور پاکستان برصغیر کے مسلمانوں کیلئے ایک آزاد وطن کے خواب کی ..... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

بنیاد بنا۔ ان کی تعلیمات نوجوان نسل کیلئے مشعل راہ ہیں، جو ہمیں محنت، علم، خود اعتمادی اور بلند حوصلوں کا درس دیتی ہیں۔ سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا کہ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم علامہ اقبالؒ کے افکار و نظریات کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں اور پاکستان کی ترقی، خوشحالی، استحکام اور روشن مستقبل کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال کا پیغام آج بھی پوری قوم بالخصوص نوجوان نسل کے لئے رہنمائی کا ایک روشن ذریعہ ہے۔

Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No: B.C.6 VOL XLV No. 1633 QUETTA Tuesday November 10, 2026 / Jumada al-Awwal 29, 1448

Bugti pays tribute to Allama Iqbal

CM 's telehealth initiative delivers free medical care to people



Staff Report

QUETTA: Chief Minister (CM) Balochistan Mir Sarfraz Bugti paid a rich tribute to the Poet of the East, Allama Muhammad Iqbal, on the occasion of Iqbal Day, highlighting the philosopher-poet's vision of social justice, self-reliance and service to humanity.

In a message issued to mark the day, the CM said that Iqbal's famous verse, "Ho mera kaam ghareebon ki himayat karna" ("Let my mission be the support of the poor"), reflects the essence of his intellectual philosophy and deep sense of social responsibility. He noted that Allama Iqbal considered the protection and uplift of underprivileged and vulnerable segments of society as a fundamental principle of a meaningful life.

Mir Sarfraz Bugti emphasized that the true responsibility of the state is to ensure equal opportunities for progress and a dignified life for all citizens, particularly the poor, deprived and marginalized. He said that governments must work to eliminate inequalities and create an environment where every individual can contribute to national development without facing social or economic barriers.

The telehealth initiative "Health Gateway," launched under PPHI Balochistan (PPHI-B) with the special initiative of Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti and the support of the Government of Balochistan, is providing free, quality and timely medical facilities to the people of the province from their homes. The aim of this modern digital health service is to provide easy access to medical facilities to people living in urban and remote areas of Balochistan so that they can get online doctor consultation for themselves and their families from anywhere. A total of 8,815 consultations were provided under Health Gateway during the last 20 days, while 5,528 consultations were completed in a single day on November 7, 2026. According to the service's data, the average waiting time for receiving a call was only 57 seconds, while the average duration of consultation with a doctor on a call was recorded as 7 minutes and 2 seconds; additionally, 86.8 percent of patients received their prescriptions at their doorstep. Through this service, citizens are being provided with online doctor consultation, provision of medical prescriptions, delivery of medicines to their homes and referral for treatment to top medical centers if required, completely free of cost. The Sehat Delhiz facility is available on the web application sehat.pphib.org and Google Play Store, and the people of Balochistan can avail this facility and get doctors, prescriptions, medicines and medical guidance from the comfort of their homes. This initiative by the Balochistan government is a significant step towards promoting the digital health system in the province and providing quality medical facilities to the people of remote areas, especially at their doorsteps.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 10 NOV 2020

Page No. 5

دانش اسکولوں کا قیام بروقت یقینی بنایا جائے، شکیل قادر خان

قیام کیلئے تعمیری اساتذہ اور عملے کی تعیناتی کے اشتہارات جاری کیے جائیں، چیف سیکرٹری

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبے میں دانش سکولوں کے قیام سے متعلق اہم اجلاس ہوا جس میں متعلقہ اضلاع میں سکولوں کی تعمیر میں ہونے والی پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا چیف سیکرٹری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم صوبے کی ترقی اور نوجوان نسل کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے سکولوں کے قیام کے ساتھ ہی اساتذہ اور دیگر عملے کی تعیناتی کے لیے اشتہارات جاری کیے جائیں تاکہ تعمیر مکمل ہوتے ہی بچوں کو تعلیمی سہولت فراہم کی جاسکے اور کسی قسم کا وقت ضائع نہ ہو۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سکولوں کی تعمیر کے کام میں تیزی لائی جائے اور تمام منصوبے مقررہ وقت اور معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں۔۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ژوب، قلعہ سیف اللہ، راڑہ شم، صحبت پور، خضدار، پنجگور اور سبی میں دانش سکولوں کا قیام مکمل میں لایا جارہا ہے چیف سیکرٹری نے کہا کہ ہر بچے کو معیاری، باوقار اور جدید تعلیمی ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم، سیکرٹری سکولز نعمل جان جعفر اور متعلقہ سینئر آفیسران نے شرکت کی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 10 NOV 2026 Page No. ۵

بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا جس میں محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی بلوچستان کنٹریکٹ تقرریوں کا مسودہ قانون مصدرہ 2026 (مسودہ قانون نمبر 26 مصدرہ 2026) پیش کریں گے وقفہ سوالات میں محکمہ کھیل سے متعلق سوالات کے جوابات دیئے جائیں گے۔

اقلیتیں ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں، سید ال خان ناصر

پاکستان میں تمام شہریوں کو بلاتفریق مساوی حقوق حاصل ہیں، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید ال خان ناصر نے ہندو برادری کو دیوالی کے پُرمسرت موقع پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دیوالی خوشیوں، روشنی، امید، محبت اور امن کا تہوار ہے، جو معاشرے میں مثبت سوچ، باہمی احترام اور بھائی چارے کے فروغ کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے انہوں نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان ایک کثیر المذہبی اور متنوع معاشرہ ہے جہاں تمام شہریوں کو بلا امتیاز مذہب، رنگ و نسل مساوی حقوق حاصل ہیں۔ اقلیتیں ملک کی سماجی، معاشی، تعلیمی اور قومی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں ہندو برادری سمیت تمام اقلیتی برادریوں کی خدمات قابل قدر ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

اینٹی کرپشن بلوچستان کا عوام الناس/سرکاری ملازمین کے نام پیغام

کسی بھی مشکوک رابطے یا جعلساز شخص کی فوری اطلاع ادارے کو دی جائے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان نے عوام الناس/سرکاری ملازمین کو مطلع کیا ہے کہ ادارے کے نام پر کسی غیر سرکاری نمبر، ای میل، واٹس ایپ اکاؤنٹ یا غیر مجاز شخص کی جانب سے کال، پیغام، مالی مطالبے یا کسی قسم کی بلیک میلنگ کی کوشش کی صورت میں ہرگز جواب نہ دیا جائے۔ کسی بھی مشکوک رابطے یا جعلساز شخص کی فوری اطلاع اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان، یا متعلقہ تحقیقاتی اداروں کو دی جائے۔ عوام صرف ادارے کے مستند سرکاری..... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

ذرائع سے موصول ہونے والے پیغامات پر ہی اعتماد کریں۔ ادارے کے نام کا ناجائز استعمال کرنے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No._____ Dated: 10 NOV 2026 Page No._____

کوئٹہ میں گیس اور بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ ختم کی جائے، بی این پی

سریاب اور گردونواح میں بحران ختم کرکے سہولیات فراہم کی جائیں، آغا حسن بلوچ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات آغا حسن بلوچ ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ سریاب کے بیشتر علاقوں میں گیس اور بجلی ناپید ہو چکی ہے جبکہ کوئٹہ شہر اور گردونواح میں گیس کی طویل غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے بجلی اور پانی کی شدید قلت اور گیس کی کم فراہمی کے باوجود بھاری بھرکم بلوں کی وصولی عوام کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے۔ فارم 47 کے حکمرانوں کے اقتدار میں آنے کے بعد بلوچستان بالخصوص کوئٹہ کے عوام کے مسائل اور مشکلات میں مسلسل اضافہ ہوا ہے۔ حکمرانوں کی نااہلی اور نالائق پالیسیوں نے بنیادی سہولیات کا نظام مفلوج کر دیا ہے جبکہ موجودہ حکمرانوں کو عوامی مسائل اور مشکلات سے کوئی سروکار نہیں۔ آغا حسن بلوچ نے مطالبہ کیا کہ سریاب سمیت کوئٹہ شہر اور گردونواح میں گیس و بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کرکے عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں۔

MASHRIQ QUETTA

15 نومبر کو کوئٹہ کا جلسہ حقوق کی جدوجہد کو قوت بخشے گا، جماعت اسلامی

بلوچستان کے عوام کو امن، تعلیم، صحت، روزگار اور بنیادی حقوق کی فراہمی بنیادی مقصد ہے، مولانا ہدایت الرحمان بلوچ

جماعت اسلامی واحد پلیٹ فارم جو عوامی مسائل اجاگر اور انہیں حل کرنے کیلئے میدانِ عمل میں ہے، صوبائی امیر

حقیقی تبدیلی کیلئے کارکنوں کو بھرپور جذبے کے ساتھ میدان میں نکلنا ہوگا، گوادر میں ضلعی امیر کی حلف برداری تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کو امن، تعلیم، صحت، روزگار اور بنیادی حقوق کی فراہمی جماعت اسلامی کی جدوجہد کا بنیادی مقصد ہے۔ جماعت اسلامی ہر ظلم کے خلاف اور مظلوم کے ساتھ کھڑی ہے 15 نومبر کو کوئٹہ میں ہونے والا عظیم الشان جلسہ عام بلوچستان کے حقوق کی جدوجہد کو نئی قوت دے گا، جس ست..... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

مرکزی امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان خصوصی خطاب کریں گے اور آسمدہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے المرکز الاسلامی دفتر جماعت اسلامی گوادر میں جماعت اسلامی ضلع گوادر کے نومنتخب امیر مولانا لیاقت بلوچ کی تقریب حلف برداری سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر مولانا لیاقت بلوچ نے بحیثیت امیر ضلع گوادر اپنے عہدے کا حلف اٹھایا۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی ہی واحد پلیٹ فارم ہے

عوامی اداروں کو کرپشن کمیشن نے کھوکھلا کر دیا، پشتونخوا میپ

بدامنی کی صورتحال انتہائی مخدوش، پشتون اضلاع میں شاہراہوں پر مسلح جتھوں کا راج ہے، ڈاکٹر حامد اچکزئی، سردار حیات میرزئی

حکومت بجلی، گیس، پینے کے صاف پانی، روزگار، تعلیم، صحت کی سہولیات فراہم کرنے میں ناکام ہو چکی، اجلاس سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ تحصیل صدر کمیٹی کا اجلاس تحصیل سیکرٹری نعیم پیر علیزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس سے پارٹی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، صوبائی ثقافت سیکرٹری سردار حیات میرزئی، صوبائی رابطہ سیکرٹری گل خلجی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری اقبال بنے زئی اور تحصیل سیکرٹری نعیم پیر علیزئی نے خطاب کیا اجلاس کی کارروائی تحصیل سینئر معاون سیکرٹری راحت بازئی نے سرانجام دی۔ اجلاس میں صوبائی لیبر سیکرٹری حبیب الرحمان بازئی، صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر کاکڑ، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری صورت خان کاکڑ، ضلع معاونین و ضلع کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 53 ویں برسی کے جلسہ عام منعقد بروز بدھ 2 دسمبر 2026 کی تیاریوں کا جائزہ، 22 نومبر کو تحصیل صدر کانفرنس کے انعقاد اور مقبلی سیاسی سرگرمیوں کی فعالیت کو ایجنڈے میں شامل کیا گیا ..... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

اجلاس سے پارٹی رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی آئینی، سیاسی، جمہوری، معاشی، معاشرتی بحرانوں، سیاسی عدم استحکام اور پشتونخوا وطن میں جاری پراکسی، بدامنی، وسائل کی لوٹ مار، قبضہ گیری، عوام کی زمینوں، معدنیات پر قبضہ کرنے، جنگلات کے انتقالات، مائنز و منرل ایکٹ کے سیاہ قانون کے تحت غیر قانونی اقدامات کو قانونی قرار دینے کی روش سے صورتحال انتہائی ابتر ہو چکی ہے اور ایسے حالات میں 2 دسمبر کو خان شہید کی 53 ویں برسی کا جلسہ عام کوئٹہ شہر میں منایا جا رہا ہے جو انتہائی اہمیت کا حامل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آج صوبے اور بالخصوص پشتون اضلاع میں شاہراہوں پر مسلح لوگوں کا راج قائم ہوتا جا رہا ہے، لاقانونیت، بدامنی، چوری، ڈکیتی، اغوا کاری، بھتہ خوری کی صورتحال اس نہج تک پہنچ چکی ہے کہ شہری اپنے گھروں میں بھی محفوظ نہیں رہے انہوں نے کہا کہ پشتونخوا میپ ایک تہائی حکومت کا حصہ تھی لیکن صوبے اور بالخصوص جنوبی پشتونخوا کے تمام اضلاع میں امن، شاہراہیں، مسافر، نرانسپورٹرز اور تمام عوام دن رات سفر کیلئے غیر محفوظ تھے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 41

Dated: 10 NOV 2026 Page No. 8

نوشکی میں سیکورٹی فورسز کی کارروائی 7 دہشتگرد ہلاک

آپریشن ردالفتنہ 3 کے دوران احمدوال کے علاقے کلی قبول میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، کلیئرنس جاری ہے، سیکورٹی ذرائع

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت سیکورٹی فورسز نے نوشکی میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کرتے ہوئے 7 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر سیکورٹی فورسز نے نوشکی کے علاقے کلی قبول احمد وال میں کارروائی کرتے ہوئے 7 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا جبکہ علاقے میں کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔

MASHRIQ QUETTA

کوئٹہ پولیس کی کارروائی، جعلی آفیسر کو گرفتار کرلیا

سید اجمل شاہ کے قبضے سے سی ٹی ڈی اور سول ڈیفنس کے جعلی سروس کارڈ برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے خود کو سرکاری اداروں کا اہلکار ظاہر کرنے والے مبینہ جعلی پولیس آفسر کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے سی ٹی ڈی اور سول ڈیفنس ..... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

کے سروس کارڈ برآمد کرلئے پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ایس پی سریاب ڈویژن عابد بنگاری کی نگرانی میں ایس ڈی پی او سریاب سرکل طالب حسین کی قیادت میں گزشتہ روز ایس ایچ او اسٹیلائٹ ٹاؤن محمود ترین نے کارروائی کرتے ہوئے خود کو جعلی پولیس آفسر ظاہر کرنے والے سید اجمل شاہ کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے سی ٹی ڈی اور سول نگمہ سول ڈفنس کے جعلی سروس کارڈ برآمد کرکے اس کے خلاف مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی گئی۔

تربت، مسلح افراد کا گھر پر حملہ، نوجوان جاں بحق، دو خواتین زخمی

تربت (نامہ نگار) کلانچ کے علاقے ڈنک میں پانچ نامعلوم افراد نے گھر میں داخل ہوکر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں رضا شاہ ولد غلام شاہ ساکن نیو دیہات جاں بحق جبکہ اس کی دادی نور بی بی اور زرا تون زوجہ غلام شاہ زخمی ہوگئیں پولیس کے مطابق گاڑی میں سوار مسلح افراد رضا شاہ کو اپنے ساتھ لے جانے کی کوشش کررہے تھے کہ اہل خانہ کی مزاحمت پر فائرنگ کردی۔

کیچ کے علاقے بل گور سے دو لاشیں تربت منتقل

تربت (نامہ نگار) کیچ کی تحصیل بل گور سے دو افراد کی لاشیں پیچک ہسپتال تربت منتقل کردی گئیں ہیں پولیس ذرائع کے مطابق دونوں افراد بل گور میں سیکورٹی فورسز کے ساتھ مبینہ مقابلے میں مارے گئے۔ جن میں سے ایک کی شناخت رحیم بخش ولد امام بخش سکنہ نامرآباد کے نام سے ہوئی ہے۔

حب، 2 کلو 92 گرام منشیات برآمد، 2 خواتین گرفتار

خواتین کراچی سرجانی ٹاؤن کی رہائشی ہیں، پولیس نے مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) حب سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو منشیات فروش خواتین کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 2 کلو 92 گرام منشیات برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق ایس پی حب مرزا ملال حسین کی ہدایت پر تھانہ حب کے عملے نے جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 2 خواتین سے 2 کلو 92 گرام منشیات برآمد کرکے انہیں گرفتار کرلیا۔ خواتین کراچی کے سرجانی ٹاؤن کی رہائشی ہیں ان کے ..... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر خلاف مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 10 NOV 2026

Page No. 9

کوئٹہ کی سڑکوں پر دن کے اوقات میں گاڑیوں کی پارکنگ ختم کی جائے، شہری

جناح روڈ، قندھاری بازار، لیاقت بازار کو نو پارکنگ قرار دیا گیا تھا لیکن کچھ عرصہ بعد دوبارہ پارکنگ شروع ہوگئی

جس کی وجہ سے ان سڑکوں پر کسی بھی شہری کو اپنی منزل مقصود تک پہنچنے میں کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے

سڑکوں کو دن کے اوقات میں گاڑیوں کی پارکنگ کے لئے ممنوع قرار دیا جائے، شہریوں کا کمشنر کوئٹہ سے مطالبہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کمشنر کوئٹہ کی جانب سے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی مختلف سڑکوں جناح روڈ، قندھاری بازار، لیاقت بازار اور دیگر کو نو پارکنگ قرار دیا گیا تھا لیکن ان احکامات پر کچھ عرصہ عملدرآمد کے بعد دوبارہ ان سڑکوں پر گاڑیوں کی پارکنگ شروع ہوگئی جس کی وجہ سے ٹریفک کی روانی بری طرح متاثر ہورہی ہے اور شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑرہا ہے عوامی حلقوں نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن فیضان لاشاری، ایس ایس پی ٹریفک پولیس کوئٹہ دوستین دشتی سے اپیل کی ہے کہ ان سڑکوں پر دن کے اوقات میں گاڑیوں کی پارکنگ ختم کرائی جائے یاد رہے کہ سابق کمشنر حمزہ شفقات نے شہر میں ٹریفک جام اور تجاوزات کی وجہ سے ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کا نوٹس لیتے ہوئے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی مختلف سڑکوں جن میں جناح روڈ، قندھاری بازار، لیاقت بازار، پرنس روڈ، عدالت روڈ کو نو پارکنگ قرار دیا گیا تھا اور ان کے عہدے پر رہنے اور اس کے بعد ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ کے عہدے پر تبادلے کے بعد کچھ عرصہ عملدرآمد ہوا اور شہریوں کو ٹریفک کی روانی میں کوئی خلل محسوس نہیں ہوا گزشتہ کچھ عرصے سے جناح روڈ، عدالت روڈ، قندھاری بازار، لیاقت بازار سمیت دیگر سڑکوں پر گاڑیوں کی دوبارہ پارکنگ اور تجاوزات کا عمل شروع ہوگیا جس کی وجہ سے ان سڑکوں پر کسی بھی شہری کو اپنی منزل مقصود تک پہنچنے میں کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے عوامی حلقوں اور شہریوں نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن اور ایس ایس پی ٹریفک پولیس کوئٹہ سے مطالبہ کیا ہے کہ جن سڑکوں کو دن کے اوقات میں گاڑیوں کی پارکنگ کے لئے ممنوع قرار دیا گیا ہے ان احکامات پر سختی سے عملدرآمد کرا کر شہریوں کو مشکلات سے چھٹکارا دلایا جائے۔

Century Express Quetta

دالبندین، بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ، عوام اور تاجر برادری پریشان

بجلی صبح 10 بجے بحال کی جاتی ہے اور دوپہر 3 بجے دوبارہ بند کردی جاتی ہے، جبکہ شام 7 بجے بجلی کی فراہمی بحال ہوتی ہے

موجودہ صورتحال نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے جبکہ کاروباری سرگرمیاں بھی متاثر ہورہی ہیں، عوامی حلقے

دالبندین (این این آئی) دالبندین میں بجلی کی غیر اعلانیہ اور بدترین لوڈشیڈنگ کے باعث گھریلو صارفین اور تاجر برادری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ عوامی حلقوں اور تاجر برادری نے چیف کمیسکو سے مطالبہ کیا ہے کہ دالبندین میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا فوری نوٹس لیا جائے اور بجلی کی فراہمی کا شیڈول درست کیا جائے۔ عوامی حلقوں اور تاجر برادری کا کہنا ہے کہ دالبندین میں سے ایس ڈی او کی تعیناتی کے بعد بجلی کی فراہمی کا شیڈول عوامی ضروریات کو مدنظر رکھے بغیر مرتب کیا جارہا ہے، جس کے باعث نہ صرف کاروباری سرگرمیاں بری طرح متاثر ہورہی ہیں بلکہ گھریلو صارفین (بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 5 پر)

کو بھی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑرہا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ بجلی صبح 10 بجے بحال کی جاتی ہے اور دوپہر 3 بجے دوبارہ بند کردی جاتی ہے، جبکہ شام 7 بجے بجلی کی فراہمی بحال ہوتی ہے۔ اس غیر موزوں شیڈول کے باعث شہری صبح نماز کے وقت بجلی سے محروم رہتے ہیں، جبکہ صبح سویرے اسکول جانے والے بچوں کو بھی تیاری میں مشکلات پیش آتی ہیں۔ اسی طرح شام کے اوقات میں بجلی کی عدم فراہمی سے تاجر اور گھریلو صارفین اندھیرے میں بجلی کی بحالی کے منتظر رہتے ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ بجلی کی فراہمی کے لیے ایسا شیڈول مرتب کیا جانا چاہیے جو عوام کی بنیادی ضروریات، کاروباری سرگرمیوں اور طلبہ کی تعلیمی ضروریات کو مدنظر رکھے۔ موجودہ صورتحال نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے، جبکہ کاروباری سرگرمیاں بھی متاثر ہو رہی ہیں۔ عوامی حلقوں اور تاجر برادری نے خبردار کیا ہے کہ اگر دالبندین میں بجلی کی فراہمی کا شیڈول فوری طور پر درست نہ کیا گیا تو وہ ایس ڈی او اور گرڈ اسٹیشن آفس کے سامنے احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ انہوں نے چیف کمیسکو، وزیر اعلیٰ بلوچستان، آئی جی ایف سی ویسٹ اور ایم پی اے چاغی سے مطالبہ کیا ہے کہ دالبندین میں بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ کا فوری نوٹس لیا جائے، متعلقہ افسر کو طلب کرکے عوامی مشکلات کے حوالے سے جواب طلبی کی جائے اور بجلی کی فراہمی میں بہتری لائی جائے۔ عوامی حلقوں نے مزید مطالبہ کیا ہے کہ اگر متعلقہ افسر عوامی ضروریات کے مطابق بجلی کی فراہمی یقینی بنانے میں ناکام ہیں تو ان کا فوری تبادلہ کیا جائے تاکہ دالبندین کے شہریوں کو اس اذیت ناک صورتحال سے نجات مل سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 10 NOV 2026 Page No. 10

بلوچستان میں ترقیاتی بجٹ کا لیپس ہونا، معاشی ناقص منصوبہ بندی بڑی وجہ

بلوچستان میں ترقیاتی بجٹ کا لیپس ہونا ایک دیرینہ انتظامی اور مالیاتی مسئلہ رہا ہے جس کی وجہ سے صوبے کے سالانہ ترقیاتی پروگرام کے فنڈز کا ایک بڑا حصہ بعض اوقات 20 سے 40 فیصد تک استعمال ہوئے بغیر رہ جاتا ہے۔ بلوچستان اپنی آمدنی کے لیے تقریباً 76 سے 78 فیصد تک وفاقی منتقلی این ایف سی ایوارڈ پر انحصار کرتا ہے۔ وفاق کی جانب سے فنڈز کے اجراء میں تاخیر یا کٹوتیوں کے باعث صوبائی منصوبے وقت پر شروع نہیں ہو پاتے جس سے سال کے آخر میں فنڈز لیپس ہو جاتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کے مطابق صوبے کے تقریباً 1,000 ارب روپے کے بجٹ کا 80 فیصد حصہ ڈھائی لاکھ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن کی نذر ہو جاتا ہے۔ ترقیاتی کاموں کے لیے بہت کم رقم بچتی ہے اور وہ بھی ناقص گورننس کی وجہ سے بروقت استعمال نہیں ہو پاتی۔ صوبے میں مالیاتی نگرانی کا کمزور نظام، کرپشن، محکموں کے درمیان ہم آہنگی کی کمی، اور بیوروکریٹک تاخیر اسکیموں کی منظوری اور فنڈز کے بروقت استعمال میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں۔ بکھری ہوئی آبادی اور امن و امان کی خراب صورتحال کے باعث ٹھیکیدار دور دراز علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر کام کرنے سے کتراتے ہیں جس سے منصوبے ادھورے رہ جاتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی موجودہ حکومت نے بجٹ کے اس ڈھانچہ جاتی عدم توازن کو دور کرنے اور فنڈز کو ضائع ہونے سے بچانے کے لیے کئی اصلاحاتی اقدامات شروع کیے ہیں۔ مالیاتی نظم و ضبط قائم کرنے کے لیے حکومت نے زکوٰۃ، مذہبی امور اور سول ڈیفنس جیسے غیر مؤثر اور متروک محکموں کے دفاتر کو بند کیا ہے اور تقریباً 8000 غیر ضروری آسامیاں ختم کی ہیں تاکہ نان ڈیولپمنٹ اخراجات کو کم کیا جا سکے۔ حال ہی میں حکومت نے بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کی تشکیلِ نو کر کے سالانہ 39 کروڑ روپے کے انتظامی اخراجات بچائے ہیں جنہیں اب مزید 5000 مستحق طلبہ کو اسکالرشپ دینے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ مالیاتی نظم و ضبط لانے کے لیے غیر حاضر اور گھوسٹ ملازمین کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جا رہی ہے تاکہ بجٹ کا ضیاع روکا جا سکے۔ حکومت کی جانب سے بتایا گیا کہ رواں مالی سالوں جیسے کہ مالی سال 2025-26 اور 2026-27 میں صوبے کو خسارے کے بجٹ سے نکال کر 'سرپلس بجٹ' کی طرف گامزن کیا گیا ہے جو بہتر مالیاتی انتظام کی علامت ہے۔ نئے بجٹ میں ترقیاتی اسکیموں کے لیے فنڈز کی بروقت فراہمی اور مانیٹرنگ کو یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ ماضی کی طرح فنڈز لیپس نہ ہوں اور تعلیم، صحت اور پینے کے صاف پانی جیسے بنیادی شعبوں پر توجہ مرکوز کی جا سکے۔ بلوچستان میں بجٹ کے ضایع ہونے سے نظام پر اثرات پڑتے ہیں خاص کر گورننس بری طرح متاثر ہوتی ہے، رقم کا بروقت اور صحیح جگہ استعمال نہ ہونا بھی المیہ ہے اور دوسرا یہ کہ غیر ترقیاتی مد میں بھی بڑی رقم چلی جاتی ہے جس میں تنخواہیں اور پنشن شامل ہیں۔ بہرحال بلوچستان ایک سونے کی چڑیا ہے جہاں معدنیات سمیت دیگر وسائل موجود ہیں جن کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشی چیلنجز سے نمٹنے کے ساتھ حکومت اپنا بہترین بجٹ، بڑی ترقیاتی اسکیموں، تنخواہوں اور پنشن سمیت دیگر اخراجات کو نہ صرف باآسانی برداشت کر سکے گی بلکہ خطے کے عوام ترقی کی دوڑ میں شامل ہونگے اور ملک کا امیر ترین صوبہ بنے گا اس کے لیے وفاق کا تعاون اور صوبے کے اسٹیک ہولڈرز کی معاشی منصوبہ بندی ضروری ہے جس پر کوئی خاص توجہ نہیں دی جاتی جس کی وجہ سے بلوچستان کے وسائل کو صحیح معنوں میں بروئے کار نہیں لایا جا رہا اور جو منصوبے چل رہے ہیں ان سے بھی بلوچستان کو اس کا جائز حق نہیں مل رہا۔ ان خامیوں کو دور کر کے بلوچستان کو مالی مسائل سے نکال کر ترقی کے راستے پر گامزن کیا جا سکتا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 10 NOV 2026 Page No. 12

پاکستان میں بسنے والی تمام اقلیتی برادریاں قومی معاشرے کا اہم حصہ ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہندو برادری کو دیوالی کے تہوار پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دیوالی محبت، بھائی چارے، امن اور روشنیوں کا خوبصورت پیغام دیتی ہے۔ ایسے تہوار معاشرے میں باہمی احترام، رواداری اور مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد کے درمیان ہم آہنگی کو فروغ دینے کا ذریعہ بنتے ہیں۔ اپنے ایک تہنیتی پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان میں بسنے والی تمام اقلیتی برادریاں قومی معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور ملکی تعمیر و ترقی میں ان کی خدمات قابل قدر ہیں۔ ہندو برادری نے بھی پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور مختلف شعبہ ہائے زندگی میں کامیابیاں کروا رادا کیا ہے، جسے قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بین المذاہب ہم آہنگی، مذہبی رواداری اور باہمی احترام ایک پرامن اور مضبوط معاشرے کی بنیادی اقدار ہیں۔ بلوچستان میں تمام شہریوں کو بلا امتیاز مذہب و عقیدہ مساوی حقوق اور مذہبی آزادی حاصل ہے جبکہ صوبائی حکومت اقلیتوں کے جان و مال، مذہبی آزادی اور بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دیوالی کا تہوار ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ نفرتوں اور تعصبات کو ختم کر کے محبت، برداشت اور بھائی چارے کو فروغ دیا جائے۔ انہوں نے ہندو برادری کے لیے خوشیوں، سماجی، ترقی اور کامیابیوں کی نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ تہوار معاشرے میں امن، ہم آہنگی اور خوشحالی کے جذبے کو مزید مستحکم کرنے کا باعث بنے گا۔ بین المذاہب ہم آہنگی، مذہبی رواداری اور باہمی احترام ایک پرامن اور مضبوط معاشرے کی بنیادی اقدار ہیں۔ بلوچستان میں تمام شہریوں کو بلا امتیاز مذہب و عقیدہ مساوی حقوق اور مذہبی آزادی حاصل ہے جبکہ صوبائی حکومت اقلیتوں کے جان و مال، مذہبی آزادی اور بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دیوالی کا تہوار ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ نفرتوں اور تعصبات کو ختم کر کے محبت، برداشت اور بھائی چارے کو فروغ دیا جائے۔ انہوں نے ہندو برادری کے لیے خوشیوں، سماجی، ترقی اور کامیابیوں کی نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ تہوار معاشرے میں امن، ہم آہنگی اور خوشحالی کے جذبے کو مزید مستحکم کرنے کا باعث بنے گا۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے خضدار کی متحرک سماجیت سماجی [illegible] امینہ شفیع نے ملاقات کی جس کے دوران خضدار میں بے سہارا اور یتیم بچوں کی کفالت، تعلیم اور بہتر مستقبل کے لیے جاری سماجی خدمات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ امینہ شفیع اپنی مدد آپ کے تحت ان بچوں کی سرپرستی اور تعلیم کی ذمہ داریاں نبھا رہی ہیں اور انہیں معاشرے کا باوقار اور خودمختار شہری بنانے کے لیے عملی جدوجہد کر رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے امینہ شفیع کے جذبہ انسانیت، حوصلے اور سماجی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں اصل عظمت دوسروں کے دکھ درد کو اپنا سمجھنے اور بے سہارا لوگوں کا سہارا بننے میں ہے۔ امینہ شفیع جیسی باہمت بیٹیاں ہمارے معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہیں جو اپنی عملی جدوجہد سے انسانیت، ہمدردی اور احساس ذمہ داری کی روشن مثال قائم کر رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ یتیم بچوں کی کفالت اور تعلیم کی ذمہ داری اٹھانا محض ایک سماجی خدمت نہیں بلکہ عظیم انسانی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔ کسی بچے کو محض وسائل کی کمی کے باعث تعلیم اور بہتر مستقبل کے مواقع سے محروم نہیں ہونا چاہیے۔ ریاست ایسے ضرورتمند اور باہمت افراد کی حوصلہ افزائی کرے گی جو معاشرے کے محروم اور ضرورت مند طبقات کی بہتری کے لیے عملی کردار ادا کر رہے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بچوں کی تعلیم، تحفظ اور بہتر مستقبل کے لیے امینہ شفیع کی کوششوں میں حکومت بلوچستان اپنا کردار ادا کرنے کی یتیم بچوں کی کفالت اور تعلیم کی ذمہ داری اٹھانا محض ایک سماجی خدمت نہیں بلکہ عظیم انسانی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔ کسی بچے کو محض وسائل کی کمی کے باعث تعلیم اور بہتر مستقبل کے مواقع سے محروم نہیں ہونا چاہیے۔ ریاست ایسے ضرورتمند اور باہمت افراد کی حوصلہ افزائی کرے گی جو معاشرے کے محروم اور ضرورت مند طبقات کی بہتری کے لیے عملی کردار ادا کر رہے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بچوں کی تعلیم، تحفظ اور بہتر مستقبل کے لیے امینہ شفیع کی کوششوں میں حکومت بلوچستان اپنا کردار ادا کرے گی اور ان کے فلاحی مشن کے تسلسل کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے کے مخیر حضرات اور صاحب استطاعت افراد کو بھی چاہیے کہ وہ یتیم اور بے سہارا بچوں کی تعلیم، تربیت اور کفالت کے لیے آگے آئیں اور ان کی زندگیوں میں بہتری لانے کے لیے اپنا حصہ ڈالیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ایک بچے کی زندگی میں امید کا چراغ روشن کرنا درحقیقت پورے معاشرے کے مستقبل کو روشن کرنے کے مترادف ہے۔ حکومت بلوچستان معاشرے کے ایسے افراد کی حوصلہ افزائی جاری رکھے گی جو ذاتی مفاد سے بالاتر ہو کر محروم اور ضرورت مند بچوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانے کے لیے کوشاں ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. ۶

Dated: 10 NOV 2023 Page No. ۱۱

جدید طبی سہولیات کی فراہمی کی جانب اہم پیش رفت!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں امراض قلب کے علاج کی جانب اہم پیش رفت کے طور پر بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیز کی تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہوگئی ہے۔ 150 بستروں پر مشتمل اس جدید ہسپتال کا افتتاح رواں ماہ متوقع ہے۔ اس ادارے کے قیام سے عوام کو امراض قلب کی تشخیص اور علاج کی جدید سہولیات صوبے ہی میں میسر آئیں گی اور مریضوں کو علاج کے لیے دیگر صوبوں کا سفر کرنے کی مشکلات سے نجات ملے گی صحت کے شعبے میں جدید طبی اداروں کا قیام اور عوام کو معیاری علاج کی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا صوبائی حکومت کے اہم اقدامات کا حصہ ہے۔ بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیز کو جدید طبی آلات، مستند ماہرین اور موثر انتظامی نظام کے ذریعے فعال بنایا جائے گا تاکہ امراض قلب کے مریضوں کو بروقت تشخیص، معیاری علاج اور ہنگامی طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں سرمایہ کاری کا بنیادی مقصد عوام کو ریلیف فراہم کرنا اور علاج معالجے کے لیے درپیش مشکلات کا خاتمہ ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ طبی سہولیات کی فراہمی میں صرف کوئٹہ نہیں بلکہ سیٹلائٹ مراکز کے ذریعے بلوچستان کے دور دراز اضلاع میں بھی یقینی بنائی جائے گی تاکہ صوبے کے ہر شہری کو امراض قلب کی بہتری طبی سہولیات تک رسائی حاصل ہو۔

ہم سمجھتے ہیں کہ بلوچستان میں امراض قلب کے علاج کی جانب اہم پیش رفت کے طور پر بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیز کی تکمیل کے آخری میں داخل ہونا بلاشبہ قابل تعریف اقدام ہے کیونکہ یہ نہ صرف کوئٹہ بلکہ صوبے کے دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے لیے بہت بڑی سہولت کی فراہمی ہے جو کہ ان کے لیے بڑا ریلیف ہے کیونکہ وہ اس سے قبل اپنے علاج و معالجے کے لیے دیگر شہروں کو جانا پڑتا تھا یہ ان کے لیے بڑا ریلیف ہے۔ جس کے باعث وہ شدید مشکلات سے دوچار ہوتے تھے۔ اب وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں قائم صوبائی حکومت نے مذکورہ اقدام اٹھا کر ان کی مشکل آسان کردی ہے۔ اس احسن اقدام کا سہرا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے سر جاتا ہے کیونکہ انہوں نے جب سے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالا ہے وہ جہاں عوام کے دیگر مسائل حل کرنے کے لیے کوشاں ہیں وہاں عوام کو علاج و معالجے کی سہولتیں بھی بہم پہنچانے کے لیے متعلقہ حکام کو واضح ہدایات دے رہے ہیں وہ عوام کو سرکاری ہسپتالوں میں علاج و معالجہ کی فراہمی میں اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔ یہاں اس بات کا ذکر کرنا از حد ضروری ہے کہ سرکاری ہسپتالوں میں عوام کو علاج و معالجے کی سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں اس سلسلے میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ بھی اقدامات کررہے ہیں ان میں مزید تیزی لانے کی اشد ضرورت ہے خصوصاً غریب عوام کو تمام سرکاری ہسپتالوں میں مفت ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے کیونکہ ادویات بہت مہنگی ہونے کی وجہ سے غریب عوام اسے خریدنے سے قاصر ہے۔ اس لیے اس مد میں ان کو ریلیف دینا ناگزیر ہے۔